____

نئے داخلہ پانے والے ہائی اسکول طلباء کے عزیزی والدین، سرپرست یا نگران:

صحت کی تعلیم جو ذمہ دارانہ فیصلہ سازی سِکھاتی ہے اس سے طلباء کو اسکول اور زندگی میں زیادہ کارآمد ہونے کے قابل بننے میں مدد ملتی ہے۔ صحت کی تعلیم کے ساتھ، این وائی سی پبلک اسکولز ہائی اسکولوں میں ایک کونڈوم دستیابی پروگرام (CAP) فراہم کرتا ہے تاکہ طلباء کو کلاس روم سے باہر صحت مندانہ فیصلے کرنے میں مدد دی جا سکے۔ CAP کے ذریعے، 12-9 گریڈ کے طلباء مفت کونڈوم، صحت کے بارے میں درست طبی معلومات اور اسکول کے تربیت یافتہ عملے سے صحت کے ریفرل کی درخواست کر سکتے ہیں۔

آپ اسکول سے یہ کہنے کا حق رکھتے ہیں کہ آپ کے بچے کو کونڈم فراہم **نہ** کیا جائے۔ عوامی صحت قانون 2504 § کے مطابق، آپ کو یہ درخواست کرنے کی اجازت نہیں ہے اگر آپ کا بچہ 1) 18 سال یا زائد عمر کا ہے؛ 2) اس نے شادی کی ہوئی ہے؛ 3) ایک والدین ہے اور/ یا 4) قانون کے تحت اس کو خود فیصلہ کرنے کی اجازت ہے۔

یہ درخواست کرنے کے لیے کہ آپ کے بچے کو CAP کے ذریعے کونڈم فراہم **نہ** کیا جائے، آپ پر لازم ہے کہ مجھے ایک خط تحریر کریں جس میں شامل ہونا چاہیے:

- طالب علم کا پورا نام
- طالب علم کا گریڈ
- طالبِ علم کا شناختی نمبر (نوٹ: اگر آپ کے پاس یہ معلومات نہیں ہے تو ہم آپ کو فراہم کریں گے)
- ذیلی بیانیہ: **"[طالب علم کا مکمل نام]** کو کونڈوم دستیابی پروگرام کے تحت کونڈوم نہیں ملنے چاہیے۔**"**
- آپ کے بطور والدین، سرپرست یا نگران دستخط

اگر آپ اپنا ارادہ تبدیل کر لیتے ہیں اور فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ مفت کونڈوم کی درخواست کر سکتا ہے، آپ تعلیمی سال کے دوران کسی وقت بھی مجھے ایک خط بھیج سکتے ہیں۔CAP-تربیت یافتہ عملے کے اراکین تمام طلباء کے اس پروگرام میں شرکت کرنے کو راز رکھنے کے لیے پُرعزم ہیں۔

ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ گھر پر اپنے بچے کے ساتھ جنسی صحت اور صحت کے دیگر موضوعات کے بارے میں بات کریں تاکہ صحت کے متعلق مثبت انتخابات کرنے میں ان کی مدد کی جا سکے۔ نیویارک شہر کے طلباء کو محفوظ، صحتمند، اور نشو و نما پانے کے قابل بنانے میں مدد کرنے کے لیے ہمارے ساتھ مل کر کام کرنے پر ہم آپ کے شکر گزار ہیں۔

بخلوص،

____

پرنسپل